PR NO.07

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

Press Release

ائرپورٹس پر ون ونڈو ڈیسکوں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب نے ہدایات جاری کر دیں

بیرون ملک پاکستانیوں کو ہر قسم کی سہولیات فراہم کی جائیں۔سید طاہر شہباز

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب سید طاہر شہباز نے پاکستان کے تمام ائرپورٹس پر بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے قائم سہولیاتی ڈیسکوں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ ون ونڈو ڈیسکوں پر تمام اداروں کے ذمہ داران کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے تا کہ بیرون ملک سے آنے والے پاکستانیوں کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام سہولیات میسر ہوں اور ان کے مسائل کو موقع پر ہی حل کیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی وطن عزیز کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں آسانیاں فراہم کرنا ہماری قومی ذمہ داری بنتی ہے۔وفاقی محتسب کو بتایا گیا کہ کچھ ائرپورٹس پر پروٹیکٹر کی سہولیات فراہم کر دی گئی ہیں۔وفاقی محتسب نے تمام ائرپورٹس پر یہ سہولیات فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔وہ گزشتہ روز بیرون ملک پاکستانیوں کے حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر اعجاز احمد قریشی اور بیرون ملک پاکستانیوں کے شکایات کمشنر ڈاکٹر انعام الحق جاوید کے علاوہ بیرون ملک پاکستانیوں کی وزارت، اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن (او ای سی) اور بیورو آف امیگریشن و اوورسیز ایمپلائمنٹ کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں اعجاز احمد قریشی اور ڈاکٹر انعام الحق جاوید نے سالانہ اور ماہانہ رپورٹوں کی روشنی میں بریفنگ دی۔اجلاس میں مذکورہ اداروں کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے پاکستان کے تمام ائرپورٹس پر بیرون ملک پاکستانیوں کی شکایات کے فوری ازالہ اور ان کے مسائل کے حل کے لئے ون ونڈو ڈیسک قائم کر رکھے ہیں، جن کی ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ان سہولیاتی مراکز پر بیرون ملک پاکستانیوں کے حوالے سے بارہ وفاقی اداروں کے ذمہ داران چوبیس گھنٹے موجود رہتے ہیں اور موقع پر ہی شکایات کا ازالہ کرتے ہیں۔ان اداروں میں ایف آئی اے، پاسپورٹ، امیگریشن، نادرا، او پی ایف، پی آئی اے، سول ایوی ایشن اور وزارت صحت و دیگر ادارے شامل ہیں۔اسی حوالے سے وفاقی محتسب کے شکایات کمشنر برائے بیرون ملک پاکستانیز نے گزشتہ دنوں پشاور ائرپورٹ کا دورہ کیا اور ایک اجلاس کی صدارت کی جس میں تمام اداروں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

17مارچ2021ء